رول نمبر: _____

دستخط طالب علم: _____

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: **عالیہ سال اول** پرچہ: **تیسرا** مضمون: **علوم الحدیث و تاریخہ**

تاریخ: **14-02-2024** دن: **بدھ** کل وقت: **30 منٹ** کل نمبر: **25**

مرکز امتحان: _____ دستخط نگران مرکز امتحان: _____ دستخط مقتش: _____

حصہ اول: معروضی

کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر 1: متواتر صیغہ ہے۔

(الف) اسم فاعل کا (ب) اسم مفعول کا (ج) صفت مشبہ کا (د) اسم تفضیل کا

سوال نمبر 2: خبر متواتر کی شرائط ہیں۔

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

سوال نمبر 3: خبر متواتر فائدہ دیتی ہے۔

(الف) علم ظنی کا (ب) علم ضروری کا (ج) علم حسی کا (د) مشاہدہ کا

سوال نمبر 4: متواتر لفظی اور متواتر معنوی اقسام ہیں۔

(الف) خبر واحد کی (ب) خبر مشہور کی (ج) خبر عزیز کی (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 5: خبر واحد وہ ہے جسے روایت کیا ہو۔

(الف) ایک راوی نے (ب) دو راویوں نے (ج) تین راویوں نے (د) تین سے زائد راویوں نے

سوال نمبر 6: خبر واحد کی اقسام ہیں۔

(الف) موضوع، مدلس، مرسل (ب) مرسل، منقطع (ج) مرسل، حسن (د) مشہور، عزیز، غریب

سوال نمبر 7: خبر مشہور وہ ہے جسے روایت کیا ہو۔

(الف) ایک راوی نے (ب) دو راویوں نے (ج) تین یا تین سے زائد نے (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 8: عزیز صیغہ ہے۔

(الف) اسم فاعل (ب) صفت مشبہ (ج) اسم مفعول (د) اسم تفضیل

سوال نمبر 9: غریب وہ ہے جسے راویت کرے۔

(الف) ایک راوی (ب) دو راوی (ج) تین راوی (د) چار راوی

سوال نمبر 10: خبر غریب کی اقسام ہیں۔

(الف) چار (ب) پانچ (ج) دو (د) چھ

سوال نمبر 11: مشہور، عزیز، غریب کی قوت وضعف کے اعتبار سے اقسام ہیں۔

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

سوال نمبر 12: حدیث صحیح وہ ہوتی ہے جس کی سند میں۔۔۔

(الف) تمام راوی عادل ہوں (ب) تمام راوی ضابط ہوں (ج) اتصال ہو (د) یہ تمام شرائط پائی جائیں

سوال نمبر 13: حدیث صحیح کا حکم یہ ہے کہ اس پر۔۔۔ ہے۔

(الف) عمل جائز (ب) عمل واجب (ج) توقف (د) یہ تمام درست ہے

سوال نمبر14: "هذا حديث صحيح" کی مراد یہ ہے کہ جس میں۔۔۔

(الف) پانچ شرائط جمع ہوں (ب) چار شرائط جمع ہوں (ج) تین شرائط جمع ہوں (د) دو شرائط جمع ہوں

سوال نمبر15: بخاری شریف میں کل احادیث کی تعداد ہے۔

(الف)7295 (ب)7272 (ج)7275 (د)7572

سوال نمبر16: مسلم شریف میں متکرر احادیث کے حذف کے بعد باقی احادیث کی تعداد ہے۔

(الف)4010 (ب)4030 (ج)4000 (د)4040

سوال نمبر17: بخاری و مسلم کی شرائط پر ہے۔

(الف) صحیح ابن حبان (ب) صحیح ابن خزیمہ (ج) مستدرک (د)ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر18: صحیح ابن خزیمہ مرتبے میں۔۔۔سے اعلی ہے۔

(الف) صحیح ابن حبان (ب) صحیح بخاری (ج) صحیح مسلم (د)ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر19: حسن کی اقسام ہیں۔

(الف)2 (ب)3 (ج)4 (د)5

سوال نمبر20: ناسخ کا لغوی معنی ہے۔

(الف) جمع کرنا (ب) ختم کرنا (ج) جدا جدا کرنا (د) پیچھے کرنا

سوال نمبر21: ناسخ کو جاننے کا چوتھا طریقہ ہے۔

(الف) قول صحابی سے (ب)اجماع سے (ج)تاریخ سے (د) تصریح رسول ﷺ سے

سوال نمبر22: سند سے سقط کی انواع ہیں۔

(الف)2 (ب)3 (ج)4 (د)5

سوال نمبر23: معلق، مرسل، معضل اور منقطع کا تعلق ہے۔

(الف)سقط ظاہری (ب)سقط خفی (ج)سقط اجمالی (د)سقط ارتجالی

سوال نمبر24: معلق کا حکم ہے۔

(الف) مقبول (ب) مردود (ج)توقف (د) مختلف فیہ

سوال نمبر25: تدلیس کی اقسام ہیں۔

(الف)2 (ب)3 (ج)4 (د)5